ویکیپیڈیا
آزاد دائرۃ المعارف

ابن ابی الدنیا

https://ur.wikipedia.org/s/ctky

حافظ ابوبکر بن ابی الدنیا ابن ابی الدنیا سے معروف عبد اللہ بن محمد بن عبید بن سفیان القرشی الاموی بغدادی ہیں۔

ولادت

ابن ابی الدنیا 208ھ/ 823ء میں بغداد میں پیدا ہوئے۔

اساتذہ

ان کے مشائخ میں احمد دورقی، علی بن جعد جوہری، زُہیر بن حرب، ابو عبید قاسم بن سلام، داود بن رشید خورازمی، محمد بن سعد کاتبِ واقدی، امام بخاری اور امام ابوداود وغیرہ ہیں جن سے فنِ حدیث کی تعلیم پائی،

تلامذہ

ان سے امام ابن ماجہ کو تلمذ حاصل ہے۔ چنانچہ انھوں نے اپنی ”تفسیر“ میں ان سے روایتیں کی ہیں، لیکن ”سنن“ میں کوئی حدیث ان کی روایت سے منقول نہیں ہے۔

سیرت وخصائص

شیخ الوقت، امام الائمہ، فقیہ العصر، شیخ الحدیث، حافظ الحدیث ابو بکر عبد اللہ بن محمد المعروف ابنِ ابی الدنیا مشہور حفاظِ احادیث میں سے تھے۔ابن ابی الدنیا شہزادگانِ خلفائے عباسیہ کے اَتالیق رہے۔خلیفہ معتضد باللہ کی تربیت بھی انھی کی اَتالیقی میں ہوئی۔ حافظ ذہبی نے "تذكرة الحفاظ" میں ان کا ترجمہ ان لفظوں میں شروع کیا ہے: ابن أبي الدنيا المحدث العالم الصدوق.یعنی : ابنِ ابی الدنیا محدث، عالم اور سچے راویوں سے ہیں۔اورحافظ جمال الدین مزّی کے "تہذیب الکمال" میں یہ الفاظ ہیں: أبو بكر بن أبي الدنيا البغدادي الحافظ صاحب التصانيف المشهورة ومؤدب أولاد الخلفاء.یعنی: ابنِ ابی الدنیااحادیث کے حافظ، کتبِ مشہورہ کے مصنف اور خلفاء کے اولاد کی تربیت فرماتے تھے۔ ابنِ ابی حاتم کا بیان ہے کہ میں نے اپنے والد کی معیت میں ان سے حدیثیں لکھی ہیں اور والد نے ان کو صدوق کہا ہے۔ آپ ایسی صلاحیت کے حامل شخص تھے ایک بندے کو آپ جب چاہیں رولادیں اور جب چاہیں ہنسا دیں۔ اسی ادا سے متاثر ہوکر خلیفہ نے آپ کو اپنی بیٹوں کی تربیت کے لیے رکھا۔

ابن ابی الدنیا

(عربی میں: ابن أبي الدنيا)



معلومات شخصیت	
پیدائش	سنہ 823ء [1][2][3][4][5][6] بغداد
وفات	سنہ 894ء (70–71 سال) بغداد
عملی زندگی	
استاد	محمد بن اسماعیل بخاری ، ابو داؤد ، ابو حاتم رازی
پیشہ	معلم ، مورخ ، راوی حدیث
پیشہ ورانہ زبان	عربی [1]
شعبۂ عمل	علم حدیث ، زہد
کارہائے نمایاں	الشکر اللہ (کتاب)

درستی (https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=%D8%A7%D8%A8%D9%86_%D8%A7%D8%A8%DB%8C_%D8%A7%D9%84%D8%AF%D9%86%DB%8C%D8%A7&action=edit&section=0) - ترمیم (https://ur.wikipedia.org/w/index.php?title=%D8%A7%D8%A8%D9%86_%D8%A7%D8%A8%DB%8C_%D8%A7%D9%84%D8%AF%D9%86%DB%8C%D8%A7&veaction=edit)

تصنیفات

یہ بڑے مشہور مصنف ہوئے ہیں۔ 164 تصنیفات ہیں دنیوی عروج بھی خوب پایا۔

- كتاب الإخلاص والنية
- كتاب المطر والرعد والبرق
- كتاب صفة الجنة
- كتاب صفة النار
- كتاب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر
- كتاب التوكل على الله
- كتاب التوبہ
- كتاب الرقة والبكاء
- كتاب الصبر وثوابہ
- كتاب العقوبات
- كتاب النفقة على العيال
- الجوع
- كتاب ذم الغيبة والنميمة
- كتاب الفرج بعد الشدة
- كتاب إصلاح المال
- كتاب ذم البغي
- كتاب ذم الملاهي
- كتاب المحتضرين
- كتاب الأهوال
- كتاب الزهد
- كتاب اليقين
- فضائل رمضان
- قرى الضيف
- قصر الأمل
- كلام الليالي والأيام
- محاسبة النفس
- هواتف الجنان
- الإخوان
- الإشراف في منازل الأشراف
- التواضع والخمول
- الحلم
- الرضا عن الله بقضائه
- الشكر
- الاعتبار
- التهجد وقيام الليل
- الصمت
- العقل وفضله
- العمر والشيب
- العيال
- والنميمة
- القناعة والعفاف
- الليالي والأيام
- المتمنين
- المرض والكفارات
- المنامات
- الهم والحزن
- الهواتف
- الوجل والتوثق بالعمل
- الورع
- حسن الظن بالله
- ذم الدنيا
- ذم الكذب
- ذم المسكر
- قضاء الحوائج
- مجابو الدعوة
- مداراة الناس
- مكائد الشيطان
- مكارم الأخلاق
- من عاش بعد الموت
- الاحكام فی القبور
- الأولياء

علمی مقام

ابن ابی الدنیا شہزادگانِ خلفائے عباسیہ کے اَتالیق رہے۔ خلیفہ معتضد باللہ کی تربیت بھی انھی کی اَتالیقی میں ہوئی۔ حافظ ذہبی نے ”تذکرۃ الحفاظ“ میں ان کا ترجمہ ان لفظوں میں شروع کیا ہے : اِبْنُ أَبِي الدُّنْيَا اَلْمُحَدِّثُ الْعَالِمُ الصَّدُوْقُ۔ اورحافظ جمال الدین مزّی کے ”تہذیب الکمال“ میں یہ الفاظ ہیں : أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِي الدُّنْيَا الْبَغْدَادِيُّ الْحَافِظُ صَاحِبُ التَّصَانِيْفِ الْمَشْهُوْرَةِ وَمُؤَدِّبُ أَوْلَادِ الْخُلَفَاءِ۔ ابنِ ابی حاتم کا بیان ہے کہ میں نے اپنے والد کی معیت میں ان سے حدیثیں لکھی ہیں اور والد نے ان کو صدوق کہا ہے۔

وفات

ابن ابی الدنیا نے 281ھ بمطابق 894ء کو بغداد میں وفات پائی۔[7][8]

حوالہ جات

1. ^ ا ب مصنف: فرانس کا قومی کتب خانہ — عنوان : اوپن ڈیٹا پلیٹ فارم — بی این ایف - آئی ڈی: https://catalogue.bnf.fr/ark:/12148/cb12178056m — اخذ شدہ بتاریخ: 10 اکتوبر 2015
2. عنوان : Gemeinsame Normdatei — جی این ڈی آئی ڈی: https://d-nb.info/gnd/119086239 — اخذ شدہ بتاریخ: 15 اکتوبر 2015 — اجازت نامہ: CC0
3. ایف اے ایس ٹی - آئی ڈی: https://id.worldcat.org/fast/169539 — بنام: ʻAbd Allāh ibn Muḥammad Ibn Abī al-Dunyā — اخذ شدہ بتاریخ: 9 اکتوبر 2017
4. بنام: ʻAbd Allāh ibn Muḥammad Ibn Abī al-Dunyā — ایس ای ایل آئی بی آر: https://libris.kb.se/auth/191298 — اخذ شدہ بتاریخ: 9 اکتوبر 2017
5. Diamond Catalog ID for persons and organisations: https://opac.diamond-ils.org/agent/13707 — بنام: ʻAbd Allāh ibn Muḥammad ibn ʻUbayd Ibn Abī al-Dunyā
6. آسٹریلیا شخصی آئی ڈی: https://trove.nla.gov.au/people/1126925 — بنام: ʻAbd Allāh ibn Muḥammad Ibn Abī al-Dunyā — اخذ شدہ بتاریخ: 9 اکتوبر 2017
7. تذکرۃ الحفاظ،امام ذہبی طبقۃ العاشرۃ
8. الموسوعة العربية العالمية http://www.mawsoah.net آرکائیو شدہ (http://www.mawsoah.net/) (غیرموجود تاریخ) بذریعہ mawsoah.net (نقص:نامعلوم آرکائیو یو آر ایل)